© rasailojaraid.com



تمام محبّوں اور رفیقوں سے اظہارِ ہمدردی کے ساتھ دُعائے صبرِ جمیل۔

---

ایک اور پُرخلوص انسان اور محبت کیش ساتھی جو ۱۲ فروری کو ہم سے جُدا ہوئے وہ گوجرانوالہ کے عبدالمنان راز کاشمیری تھے۔ ۵۲ء میں دلی دروازے کے باہر اسلامی جمعیت طلبہ کا جو اجلاس ہوا تھا، اس میں جمعیت کی رکنیت اختیار کی۔ بعد کے دَور میں تحریکِ اسلامی سے بھرپور تعاون رکھا وہ دوستوں پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کرتے تھے۔ لاہور میں مدرسی کے مشغلے کے لیے گوجرانوالہ سے آئے تھے۔ بہت اچھے نعت گو تھے۔ بڑی محنت سے مختلف شاعروں کی نعتیں "صلی اللہ علیہ وسلم" کی ردیف پر جمع کر کے شائع کرائیں۔ غزلوں کا مجموعہ بھی تیار کر لیا تھا۔ "جاگو اور جگاؤ" کے نام سے بچوں کے لیے شاعری کے شگوفے پیش کیے۔ اسلامی ذہن کے اہلِ نگارش سے محبت تھی اور سیارہ سے بھرپور تعاون کرتے تھے۔ خدا اپنے اس درویش مزاج اور انکسار پسند بندے کو رحمتوں سے نوازے اور ان کے بچوں کو انہی کے سے خیالات و کردار سے آراستہ کرے۔

اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون

---

© rasailojaraid.com